وزیراعظم کی کویت کے ولی عہد سے ملاقات

22 دسمبر 2024

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے آج کویت کے ولی عہد عزت مآب شیخ صباح الخالد الحمد المبارک الصباح سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے ستمبر 2024 میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے دوران ولی عہد کے ساتھ ہونے والی اپنی حالیہ ملاقات کو بڑے والہانہ انداز میں یاد کیا۔

2۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ بھارت کویت کے ساتھ اپنے دوطرفہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات کا اعتراف کیا کہ دوطرفہ تعلقات اچھی طرح سے آگے بڑھ رہے ہیں اور انہوں نے اسٹریٹجک شراکت داری کی طرف بڑھنے کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ میں دونوں فریقوں کے درمیان قریبی تعاون اور دیگر کثیر جہتی امور پر زور دیا۔ وزیراعظم نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ کویت کی صدارت میں بھارت اور GCC تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔

3۔ وزیراعظم نے کویت کے عزت مآب ولی عہد کو دونوں کے لیے مناسب تاریخ پر بھارت کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔

4۔ کویت کے ولی عہد نے وزیر اعظم کے اعزاز میں پرتکلف دعوت کا اہتمام کیا۔

کویت

22 دسمبر 2024